NHS

فوری ریفرلز کے لیے مریض کی معلومات

اس معلوماتی پرچے میں یہ وضاحت دی گئی ہے کہ آپ کے GP نے آپ کو اسپتال کیوں ریفر کیا ہے، اس کا کیا مطلب ہے اور آپ کو کیا کرنا چاہیے

مجھے کیوں فوری طور پر ہسپتال ریفر کیا گیا ہے؟

آپ کو فوری طور پر اس لیے ریفر کیا گیا ہے کیونکہ آپ کا GP یہ سمجھتا ہے کہ آپ کی علامات کی مزید تشخیص ہونی چاہیے لہٰذا اس نے آپ کو ایک اسپیشلسٹ کے پاس ریفر کیا ہے۔ اپنے مسئلے کی تشخیص کے لیے آپ اپنا چیک اپ جلدی ہو جانے کی توقع کر سکتے ہیں۔

کیا اس کا مطلب ہے کہ مجھے کینسر ہے؟

ان علامات کا تعلق کئی عام بیماریوں سے ہو سکتا ہے، جن میں کینسر کا امکان بھی شامل ہے۔
فوری ریفرل والے زیادہ تر لوگوں کو کینسر نہیں ہوتا۔

اگر کینسر کی تشخیص ہو جاتی ہے، تو جلدی تشخیص کو یقینی بنانے سے کینسر کا علاج زیادہ مؤثر ثابت ہونے کا امکان زیادہ ہوتا ہے اور یہی وجہ ہے کہ آپ کا معائنہ جلدی کیا جانا اہم ہے۔

چونکہ یہ ایک فوری ریفرل ہے، اس کا مطلب ہے کہ آپ کو ہسپتال میں دو ہفتے کے اندر اندر مقررہ اپوائنٹمنٹ کی پیشکش کی جائے گی مگر یہ ایک ہفتے کے اندر اندر بھی ہو سکتی ہے۔ تشخیص کا عمل جلدی مکمل کرنے کے لیے آپ کو اگلے چار ہفتوں کے دوران مزید ٹیسٹوں کے لیے دستیاب رہنے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

آپ کے GP کو کیا جاننے کی ضرورت ہوتی ہے؟

- اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے GP کے پاس آپ کا درست پتہ اور ٹیلی فون نمبر بشمول آپ کے پاس موبائل نمبر ہونے کی صورت میں وہ بھی موجود ہو کیونکہ ممکن ہے کہ ہسپتال آپ سے بذریعہ ٹیلی فون رابطہ کرے
- اگر آپ اگلے دو ہفتوں کے دوران مقررہ اپوائنٹمنٹ پر نہ پہنچ سکتے ہوں، تو براہ کرم اپنے GP کو بتائیں
- اگر آپ کو مترجم کی ضرورت ہو، تو براہ کرم اپنے GP کو بتائیں اور وہ آپ کے لیے اس کا بندوبست کر دیں گے
- اگر آپ کو ہسپتال کی جانب سے دو ہفتوں کے اندر اندر مقررہ اپوائنٹمنٹ کا وقت نہ ملے، تو براہ کرم اپنی GP پریکٹس سے رابطہ کریں

آگے کیا ہوگا؟

آپ کی GP پریکٹس آپ کے لیے اپوائنٹمنٹ طے کرے گی۔ اگر آپ کا GP آپ کے لیے یہ طے کرنے سے قاصر رہا ہو، تو اسپتال اس کا بندوبست کرنے کے لیے آپ سے رابطہ کرے گا۔
ہسپتال مقررہ اپوائنٹمنٹ کے متعلق آپ کو اضافی معلومات بھی بھیج سکتا ہے، بشمول کوئی سے ٹیسٹس جن کا آپ کی ملاقات کے دن کروانے کا امکان ہو سکتا ہے۔

جب آپ اپنی تاریخ پر متفق ہو جائیں، تو پھر آپ کا ملاقات پر جانا بہت ضروری ہوتا ہے۔ اگر آپ مقررہ اپوائنٹمنٹ پر نہ جا سکیں تو براہ کرم اپنے تصدیقی خط پر دیئے گئے نمبر پر کال کر کے ہسپتال کو فوراً مطلع کریں۔

ہسپتال میں کیا ہو گا؟

اگر ہسپتال میں آپ کی اپوائنٹمنٹ ہو، تو آپ کو عام طور پر کسی اسپیشلسٹ کو دکھانا ہوتا ہے یا کوئی ٹیسٹ کروانا ہوتا ہے۔ اگر آپ کو اپوائنٹمنٹ کے دوران کوئی ٹیسٹ کروانے ہوئے تو آپ کو پیشگی بتا دیا جائے گا، لہٰذا براہ کرم دی جانے والی پیشگی ہدایات پر عمل کو یقینی بنائیں۔
اگر آپ اپنا کوئی دوست یا رشتہ دار اپنے ہمراہ لانا چاہیں تو لا سکتے ہیں کیونکہ اگر آپ کو میڈیکل ٹیم کی کوئی بات سمجھ نہ آتی ہوئی، تو وہ آپ کو سمجھانے میں مدد کرے گا/گی۔

کوئی سوالات ہیں؟
اگر اسپتال ریفر کیے جانے کے حوالے سے آپ کے کوئی خدشات یا سوالات ہوں، تو براہِ کرم اس شخص سے بات کرنے کے لیے اپنے GP سرجری کو کال کریں جس نے آپ کو ریفر کیا تھا۔

مزید معلومات کے لیے مفید لِنکس

https://www.cancerresearchuk.org/
https://www.macmillan.org.uk/information-and-support